معاہدہ نامہ حج 2016

کاروانِ امین اللہ

College Road, Skardu, Baltistan, Pakistan.
Ph: 058-5452424, Cell: 0333-5452424
Email: info@karwan-e-aminullah.com

نام:_________ پاسپورٹ نمبر:_________ حج درخواست نمبر:_________ رجسٹریشن نمبر:______

گروپ ممبر سے درخواست ہے کہ وہ اس معاہدے نامہ کے تمام مندرجات کو بغور پڑھیں اور سمجھ لیں۔

کاروان کی بنیادی ذمہ داریاں:

۱۔ پرائیوٹ سکیم کے پُر کردہ فارم بمعہ بینک ڈرافٹ وزارت مذہبی امور میں جمع کرنا۔

۲۔ سفرحج سے قبل تربیتی کیمپ کا انعقاد اور مناسک حج کی عملی تربیت دینا۔

۳۔ عازمین حج کے لیے ویزہ کا حصول۔

۴۔ اسلام آباد، جدہ، اسلام آباد ہوائی جہاز کا اکانومی کلاس کی ٹکٹ مہیا کرنا۔

۵۔ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں رہائش کا انتظام درج ذیل ترتیب کے ساتھ:

الف۔ مکہ مکرمہ میں رہائش حرم سے ۱۲۰۰ میٹر تک ہوگی۔ رہائش کا معیار بلڈنگ اور مشترکہ کمرہ ہوگا۔

ب۔ مدینہ منورہ میں رہائش حرم سے ۱۲۰۰ میٹر تک ہوگی۔ رہائش کا معیار بلڈنگ اور مشترکہ کمرہ ہوگا۔

ج۔ مکہ مکرمہ میں شفٹنگ کے دوران عزیزیہ، خالدیہ، شوقیہ، بطحہ قریش، شہداوغیرہ میں مشترکہ رہائش فراہم کی جائے گی۔ قیام کی مدت ۱۴راتوں کا ہوگا اور رہائش کا معیار بلڈنگ اور مشترکہ کمرہ ہوگا۔ جہاں سے حرم آنا جانا بذمہ حاجی ہوگا۔

د۔ ایک کمرے میں ۶ سے ۸ افراد کی رہائش ہوگی۔

ھ۔ مرد اور خواتین الگ الگ کمروں میں رہائش پذیر ہوں گی۔

۶۔ مکتب اور معلم کا انتظام کرنا۔

۷۔ جدہ، مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، مکہ مکرمہ، جدہ اور مشاعر کے لیے ٹرانسپورٹ کا انتظام کرنا۔

۸۔ منی اور عرفات میں خیموں کا بندوبست کرنا۔

حاجی کی انفرادی ذمہ داریاں:

۱۔ تربیتی کلاسوں میں شرکت لازمی ہے۔ بصورت دیگر مناسک حج کی تربیت کے حوالے سے حاجی خود ذمہ دار ہوگا۔

۳۔ قربانی اور زرمبادلہ حاجی کے ذمہ ہوں گے۔

۴۔ کاروان امین اللہ کے ساتھ کئے جانے والے معاہدے کی پابندی کرنا ہوگی اور کاروان امین اللہ کے قوائد وضوابط کا پابند رہنا ہوگا۔

کاروان کے قواعد وضوابط

۱۔ حج گروپ میں شامل ہر فرد کاروان امین اللہ کے مرتب کردہ پروگرام اور ہدایات کا پابند ہوگا۔

۲۔ درج بالا کاروان امین اللہ کی ذمہ داریوں کے علاوہ حاجی کی جانب سے کسی قسم کی اضافی سہولت کے مطالبہ پر مزید ادائیگی کرنا ہوگی۔

۳۔ حج تربیتی کیمپ اور حج کلاسز میں تربیتی امور کے ساتھ ساتھ انتظامی، مالی، سفر کے متعلق پروگرام اور دیگر تمام معاملات بھی طے کیے جاتے ہیں۔ لہٰذا جو بھی حاجی ان کلاسوں میں شریک نہیں ہوگا تو تمام فیصلوں پر عمل کرنا ان کی ذمہ داری ہوگی۔

۴۔ کاروان امین اللہ پیکیج کے مطابق حجاج کو جو رہائش دے گا حاجی اس کو بدلنے کے مجاز نہیں ہوں گے۔ اگر کوئی حاجی اپنی مرضی سے تبدیلی کرے گا تو اس کی تمام ذمہ داری اور خرچہ حاجی کے ذمہ ہوگا۔

۵۔ عزیزیہ شہدا کی رہائش پیکیج میں شامل ہے۔

۶۔ اگر کوئی درخواست گزار حج فارم جمع کرنے کے بعد کسی وجہ سے حج پر نہیں جاسکا اور وہ Subtitute کی گنجائش سے پہلے اور مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، معلم کی فیس، ہوائی ٹکٹ و دیگر اخراجات کے ہوجانے سے پہلے اطلاع دیں تو اسے پوری رقم ریفنڈ کردی جائے گی ورنہ اس وقت تک ہونے والے اخراجات منہا کرکے بقایا رقم حج کے بعد ادا کی جائے گی۔

۷۔ پیکیج کی رقم سے حاجی کو کوئی رقم واپس نہیں کی جائے گی۔

۸۔ ہوائی ٹکٹ ناقابل واپسی ہوگی؛ حج فلائٹ کی ضمن میں اگر کوئی حاجی اپنی مقررہ فلائٹ پر سفر نہ کریں تو اس کی تمام تر ذمہ داری حاجی پر ہوگی۔

۹۔ نادرا کی جانب سے جاری کردہ قومی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ جعلی ہونے کی صورت میں جو نقصان پہنچے گا اس کی ذمہ داری/خرچہ حاجی پر ہوگا۔

۱۰۔ ویزہ کے حصول میں وزارت مذہبی امور یا سعودی سفارت خانے کی طرف سے تاخیر ہو جائے یا اندراجات میں غلطی ہوجائے تو کاروان امین اللہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

۱۱۔ حاجی اپنی رقم وغیرہ اور سامان کے نقل وحمل، اضافی کرایہ، کسٹم، امیگریشن وغیرہ کا خود ذمہ دار ہوگا نیز ہر حاجی پر حکومت پاکستان اور حکومت سعودی عرب کے قوانین کی پابندی لازمی ہے۔

۱۲۔ کسی ناگہانی اور حادثاتی صورت حال کی نتیجہ میں ہونے والے نقصان کی ذمہ داری کاروان امین اللہ پر نہیں ہوگی۔

۱۳۔ کاروان امین اللہ میں غیر شرعی، غیر اخلاقی یا غیر قانونی حرکات ممنوع ہیں۔ اگر کوئی شخص ان امور میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف کاروان امین اللہ کارروائی کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

۱۴۔ سعودی عرب میں ٹرانسپورٹ وزارت حج کی طرف سے ملتی ہے لہٰذا بسوں کی متعلق کسی بھی شکایت کا کاروان امین اللہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

۱۵۔ عرفات، مزدلفہ اور منی کے لیے ٹرانسپورٹ معلم کی طرف سے ملتی ہے لہٰذا کسی قسم کی شکایت ہو تو معلم ذمہ دار ہوگا۔

حلفیہ بیان:

میں__________ پاسپورٹ نمبر__________ اقرار کرتا/کرتی ہوں کہ میں نے کاروان امین اللہ کے پرائیوٹ حج پیکیج چار لاکھ روپے -/400000 (علاوہ قربانی، زرمبادلہ) برائے حج 2015 کے معاہدہ نامہ کے مندرجات کو اچھی طرح پڑھ/سمجھ لیا ہے اور اس سے اتفاق کرتا/کرتی ہوں۔

دستخط/ انگوٹھا حاجی:_________ تاریخ_________ دستخط نمائندہ کاروان امین اللہ_________